# سبق - ۹

بھ



پھ



تھ



ٹھ



جھ



چھ



بھ     پھ     تھ     ٹھ     جھ     چھ

## اساتذہ کے لیے:


☜ اُردو میں کچھ آوازیں ایسی ہیں جو تحریری صورت میں **دوچشمی ھ** سے مل کر بنتی ہیں جیسے **بھ جھ دھ ڑھ کھ** وغیرہ۔
یہ دو آوازوں کا مجموعہ نہیں ہوتیں بلکہ ایک ہی آواز ہوتی ہے۔ انھیں **ہکاری حروف** کہتے ہیں۔

# مشق

* آیئے، پڑھیں:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بھاپ | بھارت | بھاجی | بھنڈی | گوبھی |
| پھل | پھول | پھاڑنا | پھوڑنا | پھیری |
| تھا | تھے | تھی | رتھ | ہاتھی |
| ٹھاٹ | آٹھ | ٹھوکر | بیٹھو | روٹھنا |
| جھالر | جھاڑی | جھوٹ | جھولا | جھیل |
| چھت | چھال | چھاچھ | چھوٹا | چھڑی |

* آیئے، پڑھیں:





آؤ بچّو، جھولا جھولو     ہاتھ بڑھا کر ڈالی چھولو
بھاجی والی آئی ہے     بھنڈی گوبھی لائی ہے
پھل والا بھی آیا ہے     آم سنترے لایا ہے
راجا رتھ پر بیٹھا ہے
ہاتھی گنّا کھاتا ہے





* آیئے، سُنیں اور دُہرائیں :

## رِم جِھم







| | | |
|---|---|---|
| بادل | برسے | رِم جِھم رِم جِھم |
| مٹکی | باجے | ٹِم ٹِم ٹِم ٹِم |
| جھرنا | بولے | کِل کِل کِل کِل |
| تارا | چمکے | جِھل مِل جِھل مِل |



رِم جِھم ٹِم ٹِم کِل کِل جِھل مِل

رِم جِھم ٹِم کِل جِھل مِل

* آیئے، پڑھیں :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| دِن | جِن | دِل | بِل | پِھر | ضِد |
| دِیا | کِیا | سِرا | غِذا | ہِرن | مِلن |
| حِساب | کِتاب | عالِم | جاہِل | قابِل | ساحِل |
| قادِر | مالِک | خالِد | والِد | کِسان | چِراغ |
| ناظِم | قاسِم | صابِر | حامِد | ماجِد | ساجِد |

* آیئے، جملے پڑھیں :

| | |
|---|---|
| باسِط، کون آیا ہے؟ | ناصِر آیا ہے۔ |
| کِس لیے آیا ہے؟ | کوئی کِتاب دینے آیا ہے۔ |
| ٹھیک ہے لے لو۔ | وہ آپ سے مِلنے کی ضِد کر رہا ہے۔ |
| آنے دو۔ | |

**اساتذہ کے لیے :**

☜ یہاں **زیر** کی **آواز** (حرکت) اور **نشان** کا تعارف کرایا گیا ہے۔